بہت لیا اور یاد کرایا کہ ہم سے بڑھ کر خادمِ قرآن کوئی نہیں اور یہ دعویٰ ہی کافی ہے۔ مولانا مدار اللہ ڈسٹرکٹ ... کے قابلِ احترام ایک فطرت شناس اور بیدار مغز عالم ہیں جنہوں نے اپنی اس جاندار تحریر میں دلائل و براہین سے ثابت کیا ہے کہ جناب پرویز کا تعلق قرآن سے محض ضرورت کے تحت تھا ورنہ اس شخص نے قرآن عزیز کی آیات میں جو تحریف معنوی کی ہے کہ یہود و نصاریٰ نے تحریف لفظی قرآن کے بارے میں ... سے زیادہ تحریف معنوی کی ... پر سبقت لے گئے ہیں اور یہی پرویز صاحب نے کیا۔ یہ کتاب اس دعوے کا ٹھوس ثبوت ہے جسے جید علمائے کرام نے نظرِ تحسین دیکھا۔ قرآن و سنت کے قاریوں کے لئے یہ نادر تحفہ ہے۔

●

نام کتاب: **چند ناقابلِ فراموش شخصیات**
مصنف: **منشی عبدالرحمٰن خاں صاحب ملتانی**

مصنف نے اس کتاب میں ۱۸ قدآور شخصیات کے خاکے پیش کئے ہیں۔ ان شخصیات میں کانگریسی، لیگی، سیاست دان، پیر، علماء، نظامت کے شہسوار، عدلیہ کے جج اور صحافت کی دنیا کے نامور افراد ... الغرض ایک گلدستہ ہے کہ جس میں مختلف النوع پھول سجے ہیں۔ منشی صاحب اپنے ... ان حضرات سے ملے، بہت حوالے، خطوط، کتابیں پڑھیں اور پھر اپنے ذاتی خطوط اور یادداشتوں سے یہ کتاب تیار کر ڈالی۔ اس میں خاصا مواد ہے۔ انداز بیان صاف و سادہ اور ہر بیان ایک بڑی شخصیت فوراً آپ کے سامنے آ جاتی ہے۔ اور ... آسانی سے آپ ساتھ چلے جاتے ہیں۔ ... شخصیات کے نام ... حاصل کر کے دیکھیں تو پتہ چلے کہ اس میں کتنی خوشبو ہے۔ تیس روپے میں ادارہ علوم اسلامیہ پوسٹ بکس چوک ملتان سے حاصل کریں۔

●

قادیانیت

قادیانیت کے حوالے سے مولانا محمد یوسف لدھیانوی کا نام جانا پہچانا معروف ہے۔ مولانا لکھاؤ آدمی ہیں بہت کچھ لکھا اور ان کی تحریر میں ایک رنگ ہوتا ہے۔ قادیانیت کے تعارف کے لئے ان کی ایک جامع تحریر کو مجلس تحفظ ختم نبوت ریلوے روڈ ... ضلع شیخوپورہ نے خوبصورتی سے چھاپا ہے۔ ۱ روپے کے ٹکٹ بھیج کر حاصل کی جا سکتی ہے۔

●●●